نمبر ۲۵۴ اردو
122

Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

جلد مطبوعہ دوشنبہ بتاریخ ۲۰ جمادی الاول سنہ ۱۳۵۳ھ مطابق یکم ستمبر سنہ ۱۹۳۴ عیسوی

حصہ اول

احکامات کونسل آف اسٹیٹ ریاست رامپور

۱	رخصت لفٹنٹ کرنل سید [illegible] صاحب اسسٹنٹ [illegible]	۲		تشخیص انتظامات ترقی افسران فوج	۷
۲	رخصت [illegible] علی خان [illegible] سکشن [illegible]	۲		منظوری تقرر [illegible] محرران [illegible]	۸
۳	[illegible] عبد الرحمن صاحب بہادر	۳		احکام اجلاس حضرت صاحبزادہ [illegible] صاحب بہادر	
۴	تخفیف تعاجز روشنی برقی	۳	۹	[illegible] بابت تعین تنخواہ [illegible] خان سپرنٹنڈنٹ پولیس	۹
۵	منظوری سکیم [illegible] ٹینگ	۳ و ۴	۱۰	منظوری رخصت صاحب ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر پولیس	
۶	نقشہ احکام اجلاس حضرت صاحب پریسیڈنٹ [illegible] کونسل	۴			

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

آرڈرزان کونسل ریاست رامپور

آرڈران کونسل:-
مورخہ ۲۹ راگست ۱۹۳۲ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۲۰ راگست ۱۹۳۲ء میں کاغذات دربارہ رخصت رعایتی دو ہفتہ لفٹنٹ کرنل عبدالحکیم خاں صاحب اسسٹنٹ کمانڈنٹ فورٹ پیش ہوئی۔

بوجہ علالت دختر کمانڈنٹ فورٹ کو ۱۲ راگست ۱۹۳۲ء سے دو ہفتہ کی رعایتی رخصت کی منظوری ضابطہ دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ صاحب کونسل

دستخط صاحب سکریٹری صاحب کونسل

آرڈران کونسل:-
مورخہ ۲۹ راگست ۱۹۳۲ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۲۰ راگست ۱۹۳۲ء میں کاغذات رخصت بلا ایک ماہ ایڈجوٹنٹ سیکنڈ لفٹنٹ ہادی علیخاں سیکنڈ رامپور [illegible] انفنٹری پیش ہوکر طے پایا کہ:-

ایڈجوٹنٹ سیکنڈ لفٹنٹ ہادی علیخاں کی رخصت بلا ایک ماہ یوم استفادہ سے منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں

ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔ بریگیڈ آرڈر جاری کیجائے

دستخط صاحب پریسیڈنٹ صاحب کونسل

دستخط صاحب سکریٹری صاحب کونسل

آرڈران کونسل:-
مورخہ ۲۹ راگست ۱۹۳۲ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۲۰ راگست ۱۹۳۲ء میں کاغذات بابت الاؤنس مکان میجر عطاءالرحمن صاحب پیش ہوکر طے پایا کہ:-

چونکہ موجودہ مکان رہائش میجر عطاءالرحمن صاحب بہادر خالی کرایا جارہا ہے اور کوئی سرکاری مکان اسوقت موجود نہیں ہے۔ جو اُن کو دیا جاسکے۔ آپکی رہائش کا مکان تیس روپیہ ماہوار کرایہ سے کم پر نہیں مل سکتا۔ لہذا آئندہ سے تا صدور حکم ثانی پانچ روپیہ ماہوار موجودہ الاؤنس میں اضافہ منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ صاحب کونسل

دستخط صاحب سکریٹری صاحب کونسل

آرڈران کونسل:-
مورخہ ۲۹ راگست ۱۹۳۲ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۲۰ راگست ۱۹۳۲ء میں کاغذات متعلق تخفیف چارج روشنی برقی پیش ہوکر طے پایا کہ:-

تخفیف منظور ہے اسکا عملدرآمد یکم ستمبر ۱۹۳۲ء سے ہوگا۔ برائے آئندہ دکانداران سے تفصیل ذیل کرنٹ چارج لئے جائیں۔

۱۵ واٹ ... [illegible] ... ۲۰ واٹ ... [illegible] ... ۲۵ ... [illegible]

۳۰ واٹ ... [illegible] ... ۴۰ واٹ ... [illegible] ... ۶۰ ... [illegible]

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ صاحب کونسل

دستخط صاحب سکریٹری صاحب کونسل

از دوران کونسل ۔ ۲۹ راگست ۱۹۳۴ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۲۵ راگست ۱۹۳۴ء
اس کا غذات متعلق قیام ریڈکراس سوسائٹی بعد الحاق
زچہ خانہ و میٹرنٹی لیگ پیش ہوئے اور طے پایا کہ
حسب تجویز صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر اسکیم بابتہ الحاق
زچہ خانہ و میٹرنٹی لیگ منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

مشتہرہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل حکم
معہ نقل اسکیم منسلکہ درج گزٹ ہو۔ بعد اجرائے احکام
کاغذات بغرض کارروائی صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر کی
خدمت میں مرسل ہوں۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

ہزایکسلنسی سر مالکم ہیلی کی تجویز پر اعلیحضرت حضور پُر نور دام
اقبالہم و ملکہم نے یہ منظوری عطا فرمائی کہ

(۱) یہ کہ جناب بیگم صاحبہ دام اقبالہا ممالک متحدہ میں صلیب
احمر کی شاخ کی مربی سرپرستی بخوشی قبول فرماتی ہیں۔

(۲) رامپور میٹرنٹی اور زچہ خانہ کا الحاق یوپی شاخ سے
کر دیا جائے۔

اس سلسلہ میں سکریٹری صوبہ ممالک متحدہ ریاست رامپور
میں تشریف لائے تھے اور اس مسئلہ پر کافی گفتگو کی تھی
یہ ضروری ہے کہ ریاست میں ایک سوسائٹی قائم
کیجائے جس کا تعلق صوبہ کی کمیٹی سے ہو۔ اس قسم کے
ادارات دیگر ریاستوں میں بھی قائم رکھے گئے ہیں۔
لیکن چونکہ صلیب احمر کا یہاں قائم ہونا ممکن ہے
کہ پسندیدہ ہو حسب ذیل پروگرام سکریٹری صلیب احمر
اس سوسائٹی کے سکریٹری سے طے پایا ہے

الف۔ یہ کہ رامپور میں صلیب احمر نام کی سوسائٹی کا نام کا
ادارہ قائم کرنے کی ضرورت نہیں بلکہ اسکے بجائے
اس کو میٹرنٹی اور زچہ خانہ سوسائٹی کے نام سے موسوم
کیا جائے تاکہ وہ خدمات انجام دے سکے جس سے عام
رعایا و مخلوق کو فائدہ ہو۔

ب۔ قواعد و قوانین متعلقہ الحاق سوسائٹی میں لوکل حالات
کو مد نظر رکھتے ہوئے ترامیم کر دیگئی ہیں تاکہ پراونشل
شاخ اندرونی نظم و نسق میں دخل نہ دیسکے۔

(۲) یہ کسی پراونشل سوسائٹی کو ان امدادات میں جو
ریاست سے دیجائینگی شریک ہونے کا کوئی حق نہوگا
لیکن ممبران کی فیس میں سے ۱۰ فیصدی پراونشل
ادارہ کو دیا جائے گا جس کے صلہ میں اکثر فوائد
جن کا ذکر کیا گیا ہے۔ حاصل ہوں گے۔
میں نے اس پر آپ سے گفتگو کر لی ہے اور آپ نے
اپنی منظوری کا اظہار کر دیا ہے۔ یہ بھی طے پایا ہو کہ
اس ادارہ کے حسب ذیل عہدہ دار ہوں گے

(۱) مربی ہر ہائنس۔
(۲) پریسیڈنٹ۔ منسٹر انچارج محکمہ حفظان صحت
(۳) وائس پریسیڈنٹ۔ چیرمین میونسپل بورڈ۔
(۴) سکریٹری۔ چیف میڈیکل افسر
(۵) جوائنٹ سکریٹری اور خزانچی۔ ہیلتھ افسر

مجلس منتظمان چاروں اصحاب پر مشتمل ہے اور تین
ممبر اور ہونگے جن میں سے ایک کو حضور بیگم صاحبہ دام
اقبالہا مقرر فرمائینگی۔ اور دو ممبران مقرر کرونگی۔

اگر ضرورت ہوگی تو عورتوں کی سب کمیٹی علیحدہ قائم کیجائیگی۔ قانونی اجازت اس کے لئے درکار ہے۔

دستخط صاحب پولیٹکل منسٹر بہادر

آرڈران کونسل

۲۰ اگست ۱۹۳۴ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۲۰ اگست ۱۹۳۴ء میں نقشہ احکام منظور کردہ صاحب پریسیڈنٹ بہادر پیش ہوکر طے پایا کہ احکام مندرجہ نقشہ منظور ہیں

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے ایک نقل حکم ہذا مع نقل نقشہ منظورہ برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجی جائے۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

نقشہ احکام اجلاس صاحب پریسیڈنٹ بہادر مابین ابتدائے ۱۴ اگست ۱۹۳۴ء لغایت ۲۰ اگست ۱۹۳۴ء

نمبر شمار	نام ڈیپارٹمنٹ	خلاصہ کاغذ	خلاصہ حکم	تاریخ حکم	خلاصہ حکم کونسل
۱	بجٹ نواب ولیعہد بہادر کتب خانہ	روبکار دربارہ تبادلہ مولوی ذوالفقار حسین صاحب در کتب خانہ منتقلی از مشاہرات بجٹ نواب ولیعہد بہادر بہ مشاہرات کتب خانہ بجائے [illegible] ماہوار تعدادی [illegible]	سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔		منظور ہے

آرڈران کونسل

۲۹ اگست ۱۹۳۴ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۲۶ اگست ۱۹۳۴ء میں کاغذات بابت تنسیخ انتظامات ترقی افسران فوج بسلسلہ انتظام جدید کارگزاری فرسٹ رامپور رسالہ انفنٹری پیش ہوکر طے پایا کہ:

۵ اگست ۱۹۳۴ء سے تنسیخ احکام منظور ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل

نقشہ اسٹیٹ افسران صاحبان فرسٹ رامپور رضا انفنٹری

نمبر شمار	عہدہ موجودہ	نام	کیفیت
۱	لفٹنٹ کرنل چیف آف دی اسٹاف	امیر مہتی صاحب بہادر	چیف آف دی اسٹاف کے عہدہ سے بطور افسر کمانڈنگ فرسٹ رامپور رضا انفنٹری واپس ہوں اور ساٹھ ماہ کے تنخواہ میں ابتدائے ستمبر ۱۹۳۲ء لغایت اپریل ۱۹۳۵ء بحساب مبلغ [illegible] ماہانہ مبلغ [illegible] ۰-۵-۷ فرسٹ رامپور رضا انفنٹری کے بجٹ میں بجٹ آرمی ہیڈ کوارٹرز سے تبدیل فرمادیجائیں
۲	میجر کمانڈنگ افسر	محمد عزیز حسن خانصاحب	اپنی سابقہ جگہ پر بطور سکنڈ ان کمانڈ واپس ہوں تنخواہ مبلغ دو سو روپیہ اور الاؤنس مبلغ تیس روپیہ ماہانہ ہنگیں مبلغ [illegible] ماہوار پائینگے
۳	کپتان سکنڈ ان کمانڈ	محمد عمران شاہ خانصاحب	یہ اپنی سابقہ جگہ کپتان ایڈجوٹنٹی پر واپس ہوں تنخواہ مبلغ [illegible] ماہوار اور الاؤنس مبلغ [illegible] ماہوار ہنگیں مبلغ [illegible] ماہانہ مثل سابق پائیں گے۔
۴	کپتان	عبدالغفار خانصاحب	سکنڈ رامپور ترضی انفنٹری سے فرسٹ رامپور رضا انفنٹری میں بطور لفٹننٹ کپنی کمانڈر رائے کپنی واپس ہوں تنخواہ مبلغ یکصد روپیہ ماہوار مثل سابق پائینگے
۵	لفٹننٹ ایڈجوٹنٹ	فضل القادر خان صاحب	اپنی سابقہ جگہ لفٹننٹ کپنی کمانڈری پر واپس ہوں۔ الاؤنس مبلغ [illegible] ہوا جو ایڈجوٹنٹی کا ملتا ہے مسدود فرمایا جائے اب مبلغ یکصد روپیہ ماہوار مثل سابق پائینگے۔
۶	لفٹننٹ	شریف اللہ خانصاحب	سکنڈ لفٹننٹ کوارٹر ماسٹری پر واپس ہوں مبلغ [illegible] ماہانہ تنخواہ اور مبلغ [illegible] ماہوار الاؤنس ہنگیں مبلغ [illegible] ماہانہ مثل سابق پائیں گے۔
۷	سکنڈ لفٹننٹ	بانکے لال صاحب	اپنے سابقہ رینک صوبہ داری پر واپس ہوں تنخواہ مبلغ [illegible] ماہوار مثل دیگر صوبہ داران پائینگے۔

آرڈران کونسل:-

واقع ۲۹ اگست ۱۹۳۳ء

اجلاس کونسل انتظامیہ منعقدہ ۲۶ اگست ۱۹۳۳ء
میں کاغذات بابت تقرر (۱۳) کس محرران جانچ
تیر ریج و پچھالہ وغیرہ برائے دفتر بندوبست پیش ہوئے۔
ان کاغذات میں محرران کی مدت تقرر کا کوئی حوالہ
نہیں ہے نہ بجٹ کی حالت ظاہر کی گئی ہے چونکہ بندوبست
کا کام ختم ہونا لازمی ہے لہذا طے پایا کہ:-
(۱۳) کس محرران مندرجہ تحریر صاحب ریونیو منسٹر بہادر
کو فی الحال ایک سال کیواسطے تقرر منظور کیا جاتا ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام حسب ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل
درج گزٹ کیجائے۔

(دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل)

(دستخط صاحب سکریٹری بہادر کونسل)

بخدمت شریف جناب صاحب چیف منسٹر بہادر - ۱۷ اگست ۱۹۳۳ء

جناب من

دفتر بندوبست میں تیرہ محرران جانچ کی ضرورت ہے جو تشخیص
بندوبست جانچ تیر ریج و پچھالہ وغیرہ کا تجربہ رکھتے ہوں۔
ریاست میں باوجود کوشش کے ایسے اشخاص دستیاب
نہ ہوسکے۔ بندوبست کا کام چونکہ میعادی ہے باشندگان
ریاست کو ٹریننگ دینے میں بہت وقت صرف ہوگا۔
اور مصارف بھی کثیر ہونگے اسلئے بمشورہ سروس سلکشن بورڈ
اشخاص مندرجہ ذیل کا انتخاب کیا گیا ہے۔

(۱) امراؤ علی ساکن بریلی عـہ ماہوار
(۲) سید غلام مصطفٰی امروہہ عـہ ""
(۳) ناظر حسین سکنہ لکھنؤ شہر عـہ ماہوار
۴- کنہیا لال فرخ آباد حال مقیم بدایوں عـہ ماہوار
۵- عزیز الدین بدایوں عـہ ""
۶- مرزا اطہر حسین جونپور عـہ ""
۷- اجودھیا پرشاد مراد آباد عـہ ""
۸- اشفاق حسین بدایوں لعـہ ""
۹- سید ابن علی امروہہ لعـہ ""
۱۰- محمد یحیٰی بارہ بنکی لعـہ ""
۱۱- پیارے لال علیگڈھ لعـہ ""
۱۲- فیض الحسن رامپور لعـہ ""
۱۳- منور حسین "" لعـہ ""

ملتمس خدمت گرامی کہ براہ نوازش ملکائی بیرونجات کے
تقرر کی منظوری جلد صادر فرمادیجائے تاکہ اجرائے احکام
کیا جاسکے اور حرج کار نہو۔

نیازمند

(دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر)

احکام اجلاس جناب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

مورخہ ۳۱ اگست ۱۹۳۳ء

[illegible] ۲۵ جولائی ۱۹۳۳ء بابت تعینیہ [illegible] ذیل احکام صادر کئے [illegible]

(۱) منشی محمود خاں صاحب کے خدمات ایک سال کے لئے ریاست نے بعہدہ سپرنٹنڈنٹ پولیس گورنمنٹ یوپی سے مستعار حاصل کرنے کی ریاست سے تحریک ہوئی تھی۔ گورنمنٹ یو۔ پی نے بارہ ماہ کے لئے خدمات ریاست کو منتقل کئے ہیں۔

بعد ختم مدت توسیع ہوسکتی ہے۔

(۲) منشی محمود خاں صاحب گورنمنٹ یو۔ پی میں چار سو روپیہ ماہوار تنخواہ پاتے تھے پچیس فیصدی تنخواہ میں جس کو ملا کر پانسو روپیہ ماہوار تنخواہ اون کو ریاست سے دیا جانا منظور ہے اور حسب قواعد مجریہ یو۔ پی گورنمنٹ [illegible] فیصدی تنخواہ سے وضع ہوا کریں گے بقیہ تنخواہ کے حق رخصت و پنشن ریاست سے دیا جائیگا۔

(۳) سفر خرچ بموجب قواعد ریاست ملیگا۔

(۴) یونیفارم۔ گھوڑا۔ اور زین کی رقم تعدادی آٹھ روپے سات آنے تین پائی (ع ۸/۷/۳) ماہانہ ریاست سے دی جائے گی۔

(۵) جوائننگ ٹائم کی تنخواہ گورنمنٹ یوپی کو ریاست سے ادا ہوگی۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب پریسیڈنٹ بہادر کونسل

مورخہ ۲۴ اگست ۱۹۳۳ء

حکم

صاحب ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر پولیس کی رخصت ۲۶ اگست ۱۹۳۳ء کو ختم ہو چکی ہے۔ آنھوں نے چھ یوم کی مزید رخصت کے لئے لکھا ہے۔ لہذا ۲۷ اگست ۱۹۳۳ء لغایۃ یکم ستمبر ۱۹۳۳ء چھ یوم کی مزید رخصت (ذیل) بسلسلہ رخصت سابقہ منظور ہے

حکم ہوا کہ

سررشتہ متعلقہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ اصل کاغذات بغرض اجرائے احکام صیغہ پولیس کو مرسل ہوں

دستخط جناب پریسیڈنٹ بہادر کونسل